ایک گھر۔۔۔ایک پودا۔۔۔باغبانی کا دلفریب تجربہ

باغبانی ایک کثیر الجہت اور ہمہ صفتی مشغلہ ہے جس کے مقاصد اور فوائد بھی بے شمار ہیں۔ باغبانی کی بات ہو تو خواتین کا نام سرِ فہرست آتا ہے۔ یہ خواہ صحن والے مختصر گھر میں یا پھر وسیع تر بنگلے میں رہتی ہوں۔ چھوٹے بڑے پودے اور درخت اپنے قریب و جوار میں لگاتی ہیں تا کہ ماحول صحت مند رہے۔ فضا صاف و شفاف رہے، فضاء میں آکسیجن اور ہریالی بڑھے۔ ماحولیاتی آلودگی اور درجہ حرارت میں نمایاں طور پر تبدیلی لانے کے لئے مختصر یا طویل رقبے پر باغبانی کرنا بہترین حل ہے۔ پاکستان میں سرکاری طور پر سبزہ اگانے کی تحریک شروع کی گئی تا کہ گرم موسم سے نبٹنے کے لئے تیاری کی جائے۔ پھولوں کی رنگارنگی اور سبزے کی ہریالی کے لئے خواہ آپ ایک پودا بھی لگالیں اس سے بھی گھروں کی کثافت میں نمایاں کمی آسکے گی۔ ایک درخت یا ایک ایک پودا ہر پاکستانی لگائے تو ملک بھر میں 200 ملین افراد کی کاشتکاری ماحول بدل کے رکھ سکتی ہے۔

چند فلیٹوں یا گھروں کے فٹ پاتھوں پر کنکریٹ یا پتھریلا فرش نہیں بنا ہوتا۔ صرف ایک آدھ درخت لگانے کے لیے جگہ چھوڑ دی جاتی ہے۔ خواتین گھر کے بجٹ سے تھوڑی سی کفایت کر کے اس جگہ کیاریاں بنوا سکتی ہیں جہاں ممکن ہو تو قدیم درخت کی ایک بار پھر آبیاری کر لیں یا ممکن نہ ہو تو اسے جڑ سے اکھاڑ کر مختصر قامت کے پودے لگوالیں۔ آپ کے گھر یا فلیٹ کی دہلیز سنور جائے گی۔ تندرست اور محفوظ ترین غذا کے حصول کے لئے کیمیائی محلول سے پاک سبزیاں کاشت کی جاسکتی ہیں مثلاً گوبھی، بند گوبھی، بینگن، سلاد، بروکولی، ہرادھنیا، پودینہ، ہری مرچیں، پالک، مولی، چقندر، شلجم، ٹماٹر، گاجر آلو، کریلے، شملہ مرچ اور لوبئے۔ اسی طرح تلسی کا پودا کیڑے مکوڑوں اور حشرات کو گھر میں داخل ہونے سے روکنے کی صلاحیت رکھتا ہے اور ایلو ویرا جہاں جلد کی نکھار کے لئے استعمال ہوتا ہے وہیں کچن میں کام کرتے ہوئے آئل یا گرم پانی کا چھینٹا پڑ جانے سے جلد جھلسنے اور داغدار ہونے سے بچاؤ کے ساتھ ساتھ آبلے پڑے سے محفوظ رکھتا ہے

ویسے دیکھا گیا ہے کہ خواتین پھلوں کی کاشتکاری کرنے میں زیادہ دلچسپی رکھتی ہیں، یہ پہلو بھی صحت مند طرز فکر کی عکاسی کرتا ہے۔ موسمی پھولوں کی کاشت کاری نہایت سرور کن تجربہ ہوا کرتا ہے۔ خواتین رات کی رانی، گلاب، چنبل، موتیا، گیندا اور سورج مکھی کے علاوہ دن کے راجہ کی بھی بڑی قدر کرتی ہیں اور جہاں موقع ملے ان میں سے کوئی نہ کوئی پودا گھر میں ضرور رکھتی ہیں۔ پھولوں کا یہ باغیچہ فرحت کا احساس دیتا ہے۔ طبیعت میں سرشاری اور مزاج میں نرمی وخوش گفتاری متاثر کرتی ہے۔ پھول آپ کے گھر کو شاندار منظر عطا کر سکتے ہیں۔

اس لیے آج ہی اپنے حصے کا پودا لگائیں۔